پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

6 **دسمبر** 2016

## ریزرو بینک بغیر انسیٹ لیٹر والا 100 روپیہ کا بینک نوٹ جاری کر رہا ہے
## نمبر چھوٹے سے بڑے ہوتے ہوئے، کنارے پر ترچھی لائنیں اور بڑا پہچان کا نشان ہوگا

ریزرو بینک بہت جلد 100 روپیہ قیمت کا بینک نوٹ مہاتما گاندھی سیریز-2005 میں جاری کرے گا۔ اسکے دونوں نمبر پینلس میں انسیٹ لیٹر نہیں ہوگا، ڈاکٹر اُرجت آر پٹیل گورنر ریزرو بینک کے دستخط اور بینک نوٹ کے پیچھے کی طرف چھپائی کا سال 2016 لکھا ہوگا۔

اس بینک نوٹ کی ڈیزائن پہلے سے جاری کئے گئے مہاتما گاندھی سیریز۔2005 کے 100 روپیہ کے بینک نوٹوں کی طرح ہی ہوگی۔ نمبر پینلس میں نمبر چھوٹے سے بڑھتے ہوئے سائز میں، ترچھی لائنیں اور بڑا پہچان کا نشان سامنے کی طرف ہوگا۔ (بحوالہ پریس ریلیز نمبر 2016-2015/2454 مورخہ 20 اپریل 2016) ریزرو بینک 100 روپیہ قیمت کا بینک نوٹ جس میں نمبر چھوٹے سے بڑھتے ہوئے نمبر پینلس میں لیکن ترچھی لائنیں و بڑا پہچان کے نشان کے بغیر جاری کر چکا ہے۔ وہ نوٹ بھی اب جاری ہونے والے بینک نوٹوں کی طرح ہی چلن میں بنے رہیں گے۔

سبھی 100 روپیہ قیمت کے بینک نوٹ جو ریزرو بینک سے پہلے جاری کئے جا چکے ہیں وہ لیگل ٹینڈر بنے رہیں گے۔

**اجیت پرساد**

**اسسٹنٹ ایڈوائزر**

پریس ریلیز 1427/2016.201